مطبوعات

اسلام اور موجودہ مدنی مسائل | تالیف مولانا حکیم عبدالرؤف صاحب دانا پوری۔ ضخامت ۸۰ صفحات قیمت ۸ر۔ مجلس دینیات جامعہ ملیہ اسلامیہ، دہلی۔

جامعہ ملیہ دہلی نے توسیعی خطبات کا ایک نیا سلسلہ شروع کیا ہے جس میں مختلف اسلامی موضوعات پر اکابر علماء کو خطبے پڑھنے کی دعوت دی جاتی ہے یہ خطبہ بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ فاضل خطیب نے اپنی تقریر کے لیے جس قدر اہم موضوع کا انتخاب کیا ہے اسی قدر خوبی کے ساتھ اس پر بحث بھی کی ہے۔ جدید تہذیب و تمدن نے اسلامی عقائد، عبادات، احکام، اور علوم و فنون کے متعلق جو شبہات پیدا کیے ہیں، قریب قریب ان سب ہی کو وہ زیر بحث لائے ہیں، اور ان پر تنقید کر کے محققانہ طریقہ پر ان کا ایسا حل بیان کیا ہے جو ہر معقول آدمی کو مطمئن کر سکتا ہے۔ اگرچہ پوری تقریر اہم مباحث پر مشتمل ہے لیکن خصوصیت کے ساتھ وہ حصہ اختصار کے باوجود زیادہ اہم ہے جس میں فاضل موصوف نے سیاسیات اور معاشیات کے متعلق اسلام اور مغربی تمدن کا موازنہ کیا ہے۔ چونکہ آجکل سب سے زیادہ مغربی سیاست اور معیشت ہی کی چمک نے اہل مشرق کی آنکھوں کو خیرہ کیا ہے، اس لیے ضروری ہوگیا ہے کہ اسی ملمع کو آتار کر اصل حقیقت نمایاں کی جائے۔

تعجب ہے کہ اتنے اہم اور تشریح طلب مسائل کو ایک ہی خطبہ میں جمع کرنے کی کوشش کیوں کی گئی۔ اگر انہی مضامین کو چار یا پانچ خطبات میں تقسیم کر کے ذرا زیادہ وضاحت کیساتھ بیان کیا جاتا تو زیادہ بہتر ہوتا۔

صحیفۂ چین | از جناب سید اسد علی صاحب انوری فرید آبادی ضخامت ۲۴۸ صفحات مجلد قیمت عہ مکتبہ جامعہ دہلی۔

بدرالدین چینی کی کتاب "چینی مسلمان" کے بعد اردو زبان میں یہ دوسری کتاب ہے جو چین کے متعلق زیادہ

وسیع پیمانہ پر معلومات بہم پہونچاتی ہے۔ اس کتاب کا عمود "چین کے حکیم اعظم کنفیوشس کی کتاب "شوکنگ" کے ترجمہ کو قرار دیا گیا ہے، لیکن اس کے ساتھ تین ضمیمے جو مترجم نے اپنی طرف سے بڑھائے ہیں، وہ شوکنگ کے ترجمہ سے ضخامت میں دوگنے ہیں، اور دراصل عام ناظرین کی واقفیت کے لیے اس سے بہت زیادہ مفید ہیں۔ پہلا ضمیمہ کنفیوشس کی سیرت، اس کی تعلیمات، اور اس کے فلسفے پر ہے۔ دوسرے میں چین کے جغرافیہ، تاریخ، زبان و ادب، مذاہب اور سیاسی و معاشی حالات پر کافی روشنی ڈالی گئی ہے۔ تیسرا ضمیمہ شاہان چین کی تاریخ وار فہرست پر مشتمل ہے۔

کنفیوشس کی کتاب سے ایک خاص بات معلوم ہوئی۔ وہ یہ کہ چینی روایات میں بھی طوفان نوح کا ذکر موجود ہے۔ اور دراصل چین کی مسلسل تاریخ ہی طوفان کے بعد سے شروع ہوتی ہے۔

مضامین رشید | از پروفیسر رشید احمد صدیقی۔ ضخامت ۳۲۲ صفحات قیمت عہ۔ مکتبہ جامعہ۔ دہلی۔

رشید احمد صاحب ایک ظرافت نگار ادیب کی حیثیت سے ہندوستان میں اس قدر مشہور ہیں کہ ان کے تعارف کی کوشش کرنا ان کی شہرت پر حرف لانا ہے اور اس مجموعہ کی تعریف بس اسقدر کافی ہے کہ یہ انکے چند ظریفانہ مضامین کا مجموعہ ہے

واردات | از منشی پریم چند آنجہانی ضخامت ۲۰۰ صفحات مجلد۔ قیمت ۸۔ مکتبۂ جامعہ دہلی۔

ہندوستان جدید کے مشہور فسانہ نگار پریم چند کی ۱۳ کہانیوں کا مجموعہ ہے۔ زبان کی لطافت و سادگی اور پھر زندگی کے واردات کو فطری انداز بیان میں پیش کرنے کے اعتبار سے پریم چند موجودہ زمانہ کے ہندوستانی افسانہ نگاروں میں سب سے بازی لے گئے تھے۔ اب ان کی وفات کے بعد ان کے یہ ادبی کارنامے پہلے سے زیادہ بیش قیمت ہو گئے ہیں۔

جدید دستور کا خاکہ | از زین العابدین احمد صاحب۔ قیمت ۲ر مکتبۂ جامعہ۔ دہلی۔

آل انڈیا کانگریس کمیٹی نے سیاسی و معاشی مسائل پر جو پروپگنڈا شروع کیا ہے، یہ رسالہ اس کے سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ اس میں کانگریسی نقطۂ نظر سے ہندوستان کے جدید دستور پر تنقید کی گئی ہے۔